سوال

(722) برادری کے ایک بدکردار آدمی سے قطع تعلقی یا صلہ رحمی؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

برادری میں سے ایک آدمی بدکردار ہے بلکہ اس کی طرف سے عصمت دری کا ثبوت بھی موجود ہے کیا اس کی اس بدکرداری کی وجہ سے اس سے قطع تعلق جائز ہے؟ (عبدالقدوس سلفی پوسٹ بکس ۳۰، ڈیرہ غازیخان) (۶ نومبر ۱۹۹۲ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسے شخص کو توبہ کی طرف راغب کرنا چاہیے اور اگر برائی کے ارتکاب سے باز نہ آئے تو دینی غیرت کے پیش نظر اس سے قطع تعلقی ہونی چاہیے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب اللباس : صفحہ: 512

محدث فتویٰ